

Human Resources Administration
Department of Social Services

طبی اعانت پروگرام

تصاویر ماڈلز کی ہیں جو صرف عکس بندی کے مقصد سے استعمال ہوئی ہیں۔

# Medicare بچت پروگرام

BRC-1071 (U)

Human Resources Administration
Department of Social Services

NYCHRA NYCHRA NYCHRA @NYCHRA

BRC-1071 (U)

© کاپی رائٹ 2024۔ سٹی آف نیو یارک، ہیومن ریسورسز ایڈمنسٹریشن/محکمہ برائے سماجی خدمات۔
اس مٹیریل کا کل یا بعض حصہ دوارہ پیش کرنے کی اجازت کے لیے نیو یارک سٹی کی ہیومن ریسورسز ایڈمنسٹریشن (Human Resources Administration) سے رابطہ کریں۔

## میں Medicare بچت پروگرام میں کس طرح اندراج کرا سکتا/سکتی ہوں؟



اگر آپ Medicare کے/کی اہل ہیں تو، آپ MSP میڈیکیئر سیونگ پروگرام Medicare Savings Program,) (MSP کے لیے درخواست دینے کے واسطے ایک درخواست مکمل کر سکتے/سکتی ہیں۔ آپ یا صرف MSP کے لیے (مختصر درخواست) یا MSP اور Medicaid دونوں (طویل تر درخواست) **مکمل کر سکتے/سکتی ہیں**

HRA Medicaid ہیلپ لائن کو 888-692-6116 پر کال کر کے درخواستوں کی گزارش کی جا سکتی ہے یا کسی بھی کمیونٹی Medicaid آفس سے لی جا سکتی ہیں۔

آپ اپنی درخواست بذات خود یا بذریعہ ڈاک جمع کرا سکتے/سکتی ہیں۔ اگر آپ بذریعہ ڈاک درخواست دینے کا انتخاب کرتے/کرتی ہیں تو، براہ کرم اپنی درخواست اور دستاویزی شہادت (ثبوت) ذیل کے مطابق جمع کرائیں:

**کلائنٹس MEDICAID اور/یا MEDICARE بچت پروگرام کے لیے درخواست ACCESSHRA پر دے سکتے ہیں**

ACCESS HRA | nyc.gov/accesshra

**اگر آپ MSP اور MEDICAID کے لیے درخواست دے رہے/رہی ہیں تو، ڈاک سے اپنی درخواست کا پیکیج اس پتے پر بھیجیں:**

HRA/Medical Assistance Program
MSP-CREP, 5th Fl.
PO Box 24330
Brooklyn, NY 11202-9801

**اگر آپ صرف MSP کے لیے درخواست دے رہے/رہی ہیں تو، ڈاک سے اپنی درخواست کا پیکیج اس پتے پر بھیجیں:**

HRA/Medical Assistance Program
Initial Eligibility Unit, 5th Fl.
PO Box 24390
Brooklyn, NY 11202-9814

## Medicare بچت پروگرام کیا ہے؟

Medicare بچت پروگرام (MSP) ایک Medicaid کے زیر بندوبست پروگرام ہے جو محدود آمدنی والے Medicare کے صارفین کے لیے دستیاب ہے۔

اگر آپ اہل قرار پاتے/پاتی ہیں تو، یہ پروگرام آپ کا Medicare پارٹ B کا پریمیم ادا کرے گا۔ آپ جس ضمنی پروگرام کے لیے اہل ہیں اس کے لحاظ سے، یہ لاگت میں حصہ داری کے دیگر اخراجات کے لیے بھی ادائیگی کر سکتی ہے جیسا کہ نیچے مندرج ہے۔ **آپ Medicaid اور Medicare بچت پروگرام دونوں کے لیے اہل ہو سکتے/سکتی ہیں۔**

آپ کی آمدنی کے لحاظ سے، آپ درج ذیل میں سے ایک کے لیے اہل قرار پا سکتے/سکتی ہیں (آمدنی کی معلومات کے لیے ذیل کا جدول دیکھیں جو اس بروشر میں آگے درج ہے):

### کوالیفائیڈ MEDICARE بینیفیشری (QUALIFIED MEDICARE BENEFICIARY, QMB)

QMB پروگرام آپ کے Medicare پارٹ A اور/یا پارٹ B کے پریمیم، مشترکہ بیمہ یا کٹوتیوں کے مدنظر ادائیگی کرتا ہے۔ QMB جس ماہ میں اہلیت کا تعین ہوا اس کے بعد والے ماہ کے پہلے دن سے مؤثر ہوتا ہے۔

مثلاً، اگر ہم تعین کرتے ہیں کہ آپ جنوری میں اہل ہیں تو، مراعات فروری میں شروع ہوں گی۔ آپ صرف QMB کے لیے یا QMB اور دیگر Medicaid پروگرامز دونوں کے لیے اہل ہو سکتے/سکتی ہیں۔

### اہل قرار یافتہ فرد-1 (QUALIFIED INDIVIDUAL-1, QI-1)

QI-1 پروگرام صرف آپ کے Medicare پارٹ B کا پریمیم ادا کرتا ہے۔ آپ لازماً Medicare پارٹ A کے لیے اہل ہوں۔

QI-1 ایک سالانہ پروگرام ہے جو ہر سال 1 جنوری سے لے کر 31 دسمبر تک چلتا ہے۔ اہلیت کا تعین پہلے آئیں پہلے پائیں کی بنیاد پر کیا جاتا ہے اور درخواست دینے کی تاریخ سے مؤثر ہوتی ہے۔ آپ QI-1 اور دیگر Medicaid پروگرامز دونوں کے لیے درخواست نہیں دے سکتے۔



## Medicare بچت پروگرام میں اندراج کرانے کے فوائد کیا ہیں؟

بیشتر افراد کو خود بخود Medicare پارٹ A (ہسپتال) کی کوریج 65 سال یا اس سے زائد عمر میں، بلا معاوضہ موصول ہوگا۔ تاہم، استفادہ کنندگان کو اپنے Medicare پارٹ B (آؤٹ پیشنٹ طبی نگہداشت) کے لیے ماہانہ پریمیم ادا کرنا ہے۔

یہ پریمیم اکاؤنٹ آپ کے ماہانہ سیکیورٹی چیک سے خود بخود کٹ جائے گا۔ اگر آپ اوپر مذکور Medicare بچت پروگراموں میں سے ایک کے لیے اہل قرار پاتے ہیں تو، آپ کو ماہانہ Medicare پارٹ B (آؤٹ پیشنٹ کیئر) کا پریمیم ادا نہیں کرنا پڑے گا۔

اس کے علاوہ، Medicare کے وہ تمام صارفین جو کم آمدنی کے سبب سبسڈی (Low-Income Subsidy, LIS) پروگرام کے لیے اہل قرار پاتے ہیں۔ اس سبسڈی سے Medicare پارٹ D (نسخے کی لاگتیں) ادا کرنے میں مدد ملے گی۔ اس سے نسخے کے پلان کے ماہانہ پریمیم اور فاضل اخراجات جیسے کہ سالانہ کٹوتیوں اور مشترکہ ادائیگیوں اور دواؤں کے لیے مشترکہ بیمہ کے لیے ادائیگی ہوگی۔

## اہل ہونے کے لیے مالی تقاضے کیا ہیں؟

MSP کا اہل ہونے کے لیے، آپ کی حاصل کردہ آمدنی (مجموعی آمدنی منہا قابل اجازت کٹوتیاں اور ایڈجسٹمنٹس) لازماً ذیل میں مندرج وفاقی سطح افلاس (Federal Poverty Level, FPL) سے نیچے ہوں۔

ذیل کے جدول میں ڈسپلے شدہ FPL کے فیصد آمدنی کی زیادہ سے زیادہ رقم کو دکھاتے ہیں جو کوئی فرد (یا جوڑا) رکھ سکتا اور پھر بھی MSP کے لیے اہل متعین کیا جا سکتا ہے۔

| مالی تقاضے | QMB | QI-1 |
| --- | --- | --- |
| آمدنی کی سطحیں | وفاقی سطح افلاس (FPL) کے 138% تک | وفاقی سطح افلاس (fpl) کے 138% سے زیادہ لیکن 186% سے کم |
| FPL، جو ہر سال امریکی محکمہ صحت و انسانی خدمات کے ذریعے طے کی جاتی ہے، کی صراحت آمدنی کی اس اقل مقدار کے بطور کی جاتی ہے جو کسی فیملی کو کھانے، کپڑا، نقل و حمل، پناہ گاہ، اور دیگر ضروری اشیاء کے لیے درکار ہوتی ہیں۔ FPL کا ایک فیصدی حصہ عوامی مراعات، جیسے MSP کے لیے آمدنی کی اہلیت کا حساب کرنے کے لیے کیا جاتا ہے۔ FPL کا موجودہ ڈیٹا دیکھنے کے لیے؛ اس پر جائیں: https://aspe.hhs.gov/poverty-guidelines | | |
| بغیر کمائی ہوئی آمدنی کا لحاظ نہیں (شمار نہیں) کیا جاتا ہے | بغیر کمائی ہوئی آمدنی کی معمولی رقم (جیسے، سوشل سیکیورٹی، پنشن، وغیرہ) کو شمار نہیں کیا جاتا ہے۔<br>نوٹ: سوشل سیکیورٹی کی مراعات، پنشن اور غیر نوکری سے متعلقہ آمدنی بغیر کمائی ہوئی آمدنی کی مثالیں ہیں۔ | |